پروفیسر اختر راہی

تبصرۂ کتب

خلاصۂ مضامینِ قرآن

مرتب : مولانا ملک عبدالرؤف

نظر ثانی : حافظ نذر احمد

ناشر : پاک مسلم اکادمی - الفضل مارکیٹ، اُردو بازار لاہور

صفحات : چار سو

قیمت : تینتیس روپے ۳۳/۰

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام ہے اور رہتی دنیا تک بنی نوع انسان کی ہدایت اسی کتابِ الٰہی سے وابستہ ہے۔ اس ایمان ویقین کے تحت قرآن کی تعلیم وتفہیم کے لیے جو اقدام بھی کیا جائے، لائقِ صد تحسین ہے۔ قرآن حکیم کے انڈکس ہوں یا مختلف زبانوں میں اس کے تراجم، اس کے مضامین پر مبنی کتابچے ہوں یا چارٹ، اس کی تفاسیر لکھی جائیں یا خلاصے تیار کیے جائیں، ہر کام مفید ہے۔

نمازِ تراویح میں مسلمان کم از کم سال میں ایک بار پورا قرآن سُن لیتے ہیں۔ اگر وہ زبانِ قرآن سے واقف ہیں تو تذکیر کا حق ادا ہو جاتا ہے مگر عربی زبان سے ناواقف لوگوں کے لیے قرآنی مطالب اُن کی زبان میں بیان ہوں تو فائدہ بڑھ جاتا ہے۔

مولانا ملک عبدالرؤف نے اسی ضرورت کے تحت "خلاصۂ مطالبِ قرآن" مرتب کیا ہے، جس سے خاطر خواہ فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ اور جسے اب زیرِ نظر کتاب کی صورت میں افادۂ عام کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ مولانا موصوف عربی زبان وادب پر عبور رکھتے ہیں، ثقہ عالمِ دین ہیں اور اُن کی عمر کا ایک حصہ علوم اسلامیہ کی تدریس میں بسر ہوا ہے چنانچہ اُن کی زیرِ نظر کاوش میں اُن کے علم وتجربہ کی جھلک موجود ہے۔

جناب حافظ نذر احمد نے کتاب پر نظر ثانی کی ہے اور ترتیب وتدوین میں مزید حسن پیدا کیا ہے۔ ہر رکوع کا خلاصہ آٹھ تا سولہ سطروں میں بیان کیا گیا ہے اور ہر رکوع کے مضامین کے لحاظ سے مناسب عنوان تجویز کیا گیا ہے۔ زبان سادہ اور رواں ہے جس سے کم تعلیم یافتہ افراد اور طلبہ بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔